سیرت حبیب" ذکر حبیب" اور قول حبیب" سے ناتا جوڑنے والے لوگ قابل تحسین ہیں کہ اس تعلق کی پیاس بڑھاتے اور اس کا سامان مہیا کرنے کے لیے، نت نئے پیرائے اختیار کرتے ہیں۔ رسول اللہ کی وصیتیں بھی ایک ایسے ہی قدسی سلسلے کی کڑی ہے۔

ابو مسعود اظہر ندوی نے روز مرہ زندگی کے ایک سو موضوعات پر احادیث پاک کا یہ انتخاب مرتب کیا ہے، جس میں متن کی صحت کا خاص طور پر خیال رکھا ہے۔ حوالے مستند ہیں اور ترجمہ ایسا شستہ اور رواں ہے کہ قول رسول صلی اللہ علیہ وسلم سیدھا دل پر نقش ہو جاتا ہے۔ ہدایت، وصیت ہی ہوتی ہے۔ رسول پاکؐ نے صحابہ کرامؓ کو جو ہدایات فرمائیں، انھیں ایک مربوط نظم کے ساتھ پیش کر کے عامتہ الناس کی ذہنی، فکری اور عملی تربیت کی یہ ایک قیمتی دستاویز مرتب کی گئی ہے، جس کا مطالعہ مشام جاں کو معطر کرتا اور ذوق عمل کو بڑھاتا ہے۔ یہ کتاب اس سے پہلے بھارت میں شائع ہوئی تھی، اب پاکستان میں منشورات نے شائع کی ہے۔ (سلیم منصور خالد)

Islam, the Muslim World, Community Challenges of the Modern Age (اسلام، مسلم دنیا اور عصر جدید کی تحدیات)، مصنف: محمد زبیر فاروقی۔ ناشر: استعارہ، ملی ۶۷، جی ۸/۱، اسلام آباد۔ صفحات: ۳۶۱۔ قیمت: ۴۷۰ روپے۔

تعلیمات اسلامی کی روح اور منطق کی تفہیم و توضیح کا کام ہر دور میں جاری رہا ہے۔ انگریزی زبان میں بھی اب ایسی تحریریں تسلسل کے ساتھ شائع ہو رہی ہیں، جن میں دور جدید کے ساتھ اسلام کے ربط کی وضاحت ملتی ہے۔ اسلام کی روشن تعلیمات قدیم و جدید اور حاضر و مستقبل، سب کے لیے کار آمد، مفید اور حیات افزا ہیں۔ زمان و مکاں کے فاصلے اس پر اثرانداز نہیں ہوتے۔

زیر نظر کتاب میں اسلامی تعلیمات کی منطق، عصر حاضر کی فکری رو اور قرآنی تعلیمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ذات باری، اسرار کائنات، فضیلت انسان، الٰہی ہدایت، سبب تخلیق، اس کے پہلے پانچ ابواب کے موضوعات ہیں۔ مصنف قرآنی احکامات و تعلیمات کو دلائل کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ مصنف نے دور جدید کے فلسفیوں کی آرا پر مختصر تبصرہ بھی کیا ہے۔ چھٹا باب، آنحضرتؐ کے اسوۂ کامل کے حوالے سے ہے اور اس میں آں جنابؐ کی زندگی کے چیدہ چیدہ واقعات اور عالم انسانی پر ان کے اثرات کا ذکر ہے۔ مولف نے غیر مستند واقعات درج کرنے سے گریز کیا ہے۔ مسلمانوں نے آنحضرتؐ کی تعلیمات سے جو روگردانی کی ہے، نیز آنحضرتؐ کی قیادت کے علاوہ جو جو راستے اور قیادتیں چن رکھی ہیں اور اس کے جو المناک اثرات مسلمانوں پر مرتب ہو رہے ہیں، اگر اس کا تفصیلی جائزہ بھی لیا جاتا تو مفید ہوتا۔